© rasailojaraid.com

## اخبار الجامعۃ والجماعۃ

### جامعہ کے سالانہ امتحانات اور تعطیلات

قسم تحفظ القرآن الکریم کے سالانہ امتحانات مورخہ ۲۸ رجب بمطابق ۱۴ ستمبر بروز منگل سے شروع ہوکر مورخہ ۲۹ رجب بمطابق ۱۵ ستمبر بروز بدھ اختتام پذیر ہوں گے۔ جبکہ قسم الدراسات الاسلامیہ و العربیہ (درس نظامی) کے امتحانات اولاً: ۲ شعبان بمطابق ۱۸ ستمبر بروز ہفتہ سے شروع ہوکر ۷ شعبان بمطابق ۲۳ ستمبر بروز جمعرات اختتام پذیر ہوں گے۔ ثانیاً: ۲۰ شعبان بمطابق ۶ اکتوبر بروز بدھ سے شروع ہوکر ۲۱ شعبان بمطابق ۷/ اکتوبر بروز جمعرات اختتام پذیر ہوں گے اور تعطیلات ۲۲ شعبان بمطابق ۸ اکتوبر بروز جمعۃ المبارک نتائج کے بعد سے ۱۲ شوال بمطابق ۲۶ نومبر بروز جمعۃ المبارک شام تک ہوں گی۔ جبکہ نیا تعلیمی سال ۱۳ شوال بمطابق ۲۷ نومبر بروز ہفتہ سے شروع ہوگا۔ ان شاء اللہ

### ''عشرۂ روشن پاکستان'' کے سلسلہ میں پروگرام

اہل حدیث یوتھ فورس ضلع جہلم کے زیر اہتمام ''عشرۂ روشن پاکستان'' کے سلسلے میں پہلا پروگرام جامعہ علوم اثریہ میں 13 اگست بروز جمعۃ المبارک بعد نماز عصر زیر صدارت مدیر الجامعہ حافظ احمد حقیق صاحب منعقد ہوا جس کے مہمانِ خصوصی حافظ بابر فاروق رحیمی چیف آرگنائزر اہل حدیث سٹوڈنٹس فیڈریشن پاکستان تھے۔ اس پروگرام میں ''استحکام پاکستان اور ہماری ذمہ داریاں'' کے موضوع پر جامعات، سکولوں اور کالجوں کے طلباء نے تقریری مقابلے میں حصہ لیا تقریری مقابلہ دو مرحلوں پر مشتمل تھا پہلے مرحلے میں جامعہ اثریہ کے طلبہ کے مابین مقابلہ ہوا۔ دوسرے مرحلے میں سکولوں اور کالجوں کے طلبہ کے مابین مقابلہ ہوا۔

تقریری مقابلے میں حصہ لینے والے جامعہ اُثریہ کے طلبہ کے نام: محمد کاشف، عثمان شاہ، نوید امجد، نوید احمد، سعد مدنی، عمران صدیقی، عبدالغفور اسد،

سکول وکالجز: امجد محمود، ثاقب الیاس، محمد مصدق بلال، عبیدالرحمٰن، محمد جہانگیر، سید مبشر نظامی، ذیشان فاروق، احسان الٰہی شاکر، ابرار احمد، چوہدری وقاص آصف، ابوبکر طارق، ابوبکر سلیم، محمد عنایت

تقریری مقابلے میں پوزیشن حاصل کرنے والے طلبہ: جامعہ سے (۱) سعد مدنی (۲) نوید امجد (۳) عبدالغفور اسد، سکول و کالجز: (۱) سید مبشر نظامی (۲) محمد جہانگیر (۳) امجد محمود (۴) ابرار احمد (اعزازی)

تقریری مقابلے کے بعد جناب بابر فاروق رحیمی نے اپنے خطاب میں تعلیمی نصاب میں ہونے والی



© rasailojaraid.com